10949-کسی جگہ کتے کے چاٹنے کا شک

سوال

اگر کسی شخص کا گمان ہو کہ کپڑے میں کسی جگہ کتے نے چاٹا ہے لیکن اسے یقین نہ ہو تو اسے کیا کرنا چاہیے، کیا اس کے لیے اس کپڑے میں نماز ادا کرنی جائز ہے ؟
میں حقیقتا اس کا حکم معلوم کرنا چاہتا ہوں کیونکہ میں نے کچھ دیر قبل اسلام قبول کیا ہے اور میرے گھر میں کتا بھی ہے مجھے حکم معلوم نہیں اور میں حقیقتاً حکم معلوم کرنا چاہتا ہوں، بعض اوقات کتا میری نظروں سے اوجھل ہوتا تو میں نہیں جانتا کہ آیا اس نے میرے کپڑوں کو چاٹا ہے یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

کھیت یا مواشی کی رکھوالی اور شکار کے علاوہ کتا رکھنا حرام ہے کیونکہ کتا رکھنے والے کے اجر سے ہر روز ایک قیراط کمی ہوتی ہے، اور ایک روایت میں دو قیراط کمی کا ذکر ہے، اور اگر ان تین جائز ضرورتوں کی بنا پر کتا رکھا جائے اور وہ کسی برتن وغیرہ میں منہ ڈال دے تو اسے پاک کرنا واجب ہے وہ اسطرح کہ سات بار جن میں ایک بار مٹی کے ساتھ دھونا شامل ہے، یہ تو اس وقت ہے جب کتے کے منہ ڈالنے کا یقین ہو، لیکن اگر ہمیں اس میں شک ہو تو پھر جب تک ہمیں نہ ہو اسے دھونا واجب نہیں، کیونکہ اصل میں وہ طاہر ہی ہے.